




# لوئر میلہ کلب نے والی بال ٹورنامنٹ کا خطاب جیت لیا



کٹھوعہ ۱۸ مارچ: سی آر پی ایف ہیرانگر کی جانب سے سیوک ایکشن پروگرام کے تحت منعقدہ والی بال ٹورنامنٹ میں لوئر میلہ والی بال کلب نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائنل میں مالہ والی بال کلب کو صفر کے مقابلے میں دو سیٹ سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کر لی اس ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر آٹھ ٹیموں نے حصہ لیا جنہوں نے بہترین کھیل جذبہ اور مسابقتی صلاحیت کا مظاہرہ کیا اس موقع پر کمانڈنٹ اروند سنگھ مہمان خصوصی کے طور پر موجود تھے جنہوں نے تمام ٹیموں کی کارکردگی کو سراہا جبکہ والی بال ایسوسی ایشن کٹھوعہ کے صدر اور جے کے والی بال ایسوسی ایشن کے جوائنٹ سیکریٹری کمل شرما بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اس طرح کی سرگرمیوں کو نوجوانوں کے لیے مفید قرار دیا انہوں نے کہا کہ اس طرح کے پروگراموں سے نہ صرف نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کیا جاسکتا ہے بلکہ عوام اور سیکورٹی فورسز کے درمیان تعلقات کو بھی مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔

# ایران کے ورلڈ کپ میچز امریکہ سے منتقل نہیں ہوں گے




زیورخ/نیویارک، 18 مارچ (یو این آئی) فیڈریشن انٹرنیشنل فٹ بال ایسوسی ایشن (فیفا) نے ایران کی اس درخواست کو باضابطہ طور پر مسترد کر دیا ہے جس میں ورلڈ کپ 2026ء کے میچز امریکہ سے میکسیکو منتقل کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ فیفا نے واضح کیا ہے کہ تمام مقابلے 6 دسمبر 2025ء کو جاری کردہ طے شدہ شیڈول کے مطابق ہی منعقد کیے جائیں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حال ہی میں سیکیورٹی خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا تھا کہ ایرانی ٹیم کے لیے بہتر ہے کہ وہ امریکا نہ آئے۔ ایران فٹ بال فیڈریشن کے صدر مہدی تاج کا کہنا ہے کہ جب میزبان ملک خود سیکیورٹی کی ضمانت نہیں دے رہا، تو کھلاڑیوں کو وہاں بھیجنا خطرہ مول لینے کے مترادف ہے۔ اسی بنیاد پر ایران نے میکسیکو میں کھیلنے کی تجویز دی تھی۔ فیفا کے انکار کے بعد ایرانی وزیر کھیل نے سخت موقف اپناتے ہوئے میگا ایونٹ کے بائیکاٹ کا عندیہ دے دیا ہے، جس سے ورلڈ کپ کے فارمیٹ پر اثر پڑنے کا خدشہ ہے۔ فیفا ترجمان کا کہنا ہے کہ ہم میگا ایونٹ میں شامل تمام ٹیموں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔ ورلڈ کپ 2026ء کا شیڈول حتمی ہے اور ہم تمام ممالک کے درمیان طے شدہ مقامات پر مقابلے کروانے کے منتظر ہیں۔"

# امریکہ پست، وینزویلا پہلی بار عالمی چیمپئن بن گیا



میامی، 18 مارچ (یو این آئی) وینزویلا نے ورلڈ بیس بال کلاسک 2026 کے فائنل میں میزبان ملک امریکہ کو ایک انتہائی سنسنی خیز مقابلے کے بعد 2-3 سے شکست دے کر پہلی مرتبہ عالمی ٹائٹل اپنے نام کر لیا ہے۔ میامی کے 'لون ڈپو پارک' میں کھیلے گئے اس فائنل میں وینزویلا نے ستاروں سے سجی امریکی 'ڈریم ٹیم' کو اپ سیٹ شکست سے دوچار کیا۔ میچ کے نویں اننگز تک مقابلہ انتہائی اعصاب شکن رہا۔ وینزویلا کے ہیرو ایوجینیو سواریز نے آخری اننگز میں فیصلہ کن رن بنا کر اپنی ٹیم کی جیت پر مہر ثبت کی۔ اس سے قبل آٹھویں اننگز میں امریکی کھلاڑی برائس ہارپر نے دو رنز کا ہوم رن اسکور کر کے مقابلہ برابر کر دیا تھا، لیکن وینزویلا کے بلے بازوں نے امریکی باؤلر گیریٹ وائٹ لاک کی کمزوریوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے دوبارہ برتری حاصل کر لی۔ یہ فائنل ایک ایسے وقت میں کھیلا گیا جب دونوں ممالک کے درمیان شدید سیاسی کشیدگی پائی جا رہی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ بیانات اور وینزویلا کی موجودہ سیاسی صورتحال نے اسٹیڈیم کے ماحول کو مزید گرما دیا تھا۔ وینزویلا کی عبوری رہنما ڈیلس روڈریگز نے اس تاریخی فتح پر بدھ کے روز ملک بھر میں 'یوم جشن' منانے کا اعلان کیا ہے۔ وینزویلا کے اسٹار باؤلر جنہوں نے ایرون جج جیسے بڑے امریکی بلے بازوں کو کھل کر کھیلنے کا موقع نہ دیا۔ پانچویں اننگز میں 414 فٹ لمبا ہوم رن اسکور کر کے ٹیم کی پوزیشن مستحکم کی۔ فتح کے بعد ایوجینیو سواریز کا کہنا تھا، "یہ حیران کن ہے، کسی کو وینزویلا کی جیت پر یقین نہیں تھا لیکن آج ہم چیمپئن ہیں۔ یہ پورے ملک کے لیے جشن کا موقع ہے۔"

## مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہو رہے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "**سرینگر ٹائمز**" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا پھر تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر **سرینگر ٹائمز** بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں۔

**نوٹ**: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں چونکہ ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے۔

(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی غلط نتیجہ کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کریں۔ (ادارہ)

**مکمل پتہ:**
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں: 0194-2456781

Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781